E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk
A.B.C CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
صوبہ بھر میں تنخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار
The Daily SHAMAL ABBOTTABAD
روزنامہ
شمال
ایبٹ آباد
بیاد
نیاز پاشا جدون
فون نمبر
0992-385577
جلد نمبر 36
پیر 20 شعبان المعظم 1447ھ 09 فروری 2026ء 2083ب
صفحات 4
قیمت 20 روپے
شمارہ نمبر 345

حویلیاں میں مضر صحت لسی پینے سے 8 بچوں کی حالت غیر، ہسپتال منتقل

حویلیاں (نمائندہ شمال) حویلیاں میں مضر صحت لسی پینے سے 8 بچوں کی حالت غیر، حویلیاں ہاسپٹل میں ابتدائی طبی امداد کے بعد ڈی ایچ کیو ہسپتال ایبٹ آباد ریفر کیا گیا تھانہ حویلیاں کی حدود محلہ سیالی میں مبینہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

PTI کی کال پر تاریخی ہڑتال، کاروبار بند، ریلیاں و احتجاجی جلسے

ملک بھر سمیت ہزارہ بلخصوص ضلع مانسہرہ میں مرکزی انجمن تاجران کی کال پر تاریخی ہڑتال کی گئی جس کے باعث ضلع بھر میں کاروباری مراکز مکمل طور پر بند رہے، بڑے جلسے کا انعقاد کیا گیا

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) انجمن تاجران کی کال پر تاریخی ہڑتال، کاروبار مکمل بند، پی ٹی آئی کارکنان وتاجروں کی ریلیاں، ملک بھر سمیت ہزارہ بلخصوص ضلع مانسہرہ میں مرکزی انجمن تاجران کی کال پر تاریخی ہڑتال پاکستان تحریک انصاف کے کارکنان اور تاجر برادری نے مختلف مقامات پر ریلیاں نکالیں اور ختم نبوت چوک میں ایک بڑے احتجاجی جلسے کا انعقاد کیا گیا۔ جلسے سے پی ٹی آئی کے صوبائی نائب صدر کمال سلیم سواتی، کے پی کے مرکزی صدر ملک شکیل اعوان اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ یہ مسئلہ کسی ایک فرد کا نہیں بلکہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

ایبٹ آباد تحریک انصاف کی کال پر شٹر ڈان ہڑتال و ریلی کے مناظر جبکہ دوسری جانب مقررین احتجاجی جلسہ سے خطاب کر رہے ہیں

مانسہرہ میں ہڑتال ناکام، تمام تر کاروباری مراکز کھلے رہے

ہڑتال کے اعلان کے باوجود شنکیاری میں کئی دکانیں 11 بجے سے قبل بھی کھلی رہیں

ڈھوڈیال (کرائمز رپورٹر) مانسہرہ، ہڑتال ناکام، چند PTI کارکنان نے 10 منٹ تک کالج کاروباری مراکز کھلے رہے، ٹرانسپورٹ چلتی رہی دوراہا بند کیے رکھا، (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

تازہ ترین خبروں اور SHAMAL E Paper کیلئے وزٹ کیجئے
dailyshamal.com.pk

ہزارہ یونیورسٹی خسرہ کی وبا پھوٹ پڑی، 4 بچے جاں بحق

ضلع ہری پور کے دور افتادہ علاقے گندف اور ملحقہ ابادیوں میں گزشتہ ایک ہفتے کے دوران 4 کمسن بچے جاں بحق ہو گے ہیں، بچوں میں خسرہ کی بیماری کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے

سرائے نعمت خان (ڈاکٹر ساجد اعوان سے) گندف اور مضافات میں خسرہ کی بیماری پھوٹنے کا خدشہ چار بچے جاں بحق جاں بحق ہونے والے بچوں کی عمریں پانچ سال سے کم بتائی جاتی ہیں علاقے میں تشویش کی لہر زرائع کے مطابق ضلع ہری پور کے دور افتادہ علاقے گندف اور ملحقہ ابادیوں میں گزشتہ ایک ہفتے کے دوران 4 کمسن بچے جاں بحق ہو گے ہیں زرائع کے مطابق بچوں میں خسرہ کی بیماری کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے گندف گاں میں ایک ہفتے کے دوران 4 کمسن بچے جاں بحق ہونے سے علاقے میں تشویش کی لہر پائی جاتی ہے جاں بحق بچوں کی عمریں چند ماہ سے پانچ سال تک بتائی گئی ہیں۔ مقامی افراد کے مطابق بچوں میں تیز بخار، جسم پر دانے اور شدید (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

صوبائی حکومت بجلی و گیس کی قیمتوں میں اضافہ کیخلاف آواز اٹھائے

صوبائی حکومت اب ناچ گانے پر توجہ دینے کے بجائے عوامی مسائل کو ترجیح دے، تاکہ عوام کے دلوں میں صوبائی حکومت کی قدر اور وقعت بڑھ سکے

ہری پور (گل جان خان سے) صوبائی حکومت عوام کو احتجاجوں کیلئے روڈوں پر نکالنے کے بجائے وفاقی حکومت کی جانب سے بجلی وسوئی گیس کی قیمتوں میں اضافہ کے خلاف آواز اٹھائے، صوبائی حکومت اگر صوبہ کی عوام کی خیر خواہ ہے تو حکومت وفاق میں اپنے مطالبات منوا کر لاکھوں صارفین کو (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

ہری پور در بند اڈہ کوئٹہ ہوٹل کے باہر غیر قانونی پارکنگ عذاب

ٹریفک کی لمبی قطاریں لگ گئیں، ٹریفک کے ذمہ داران توجہ دیتے ہوئے نوٹس لیں، مطالبہ

ہری پور (چیف رپورٹر) ہری پور در بند اڈہ کوئٹہ ہوٹل کے باہر غیر قانونی پارکنگ کے باعث ٹریفک کی لمبی قطاریں لگ گئیں، ٹریفک سٹاف کے خلاف ڈی ایس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

مانسہرہ، سانڈے سر چٹہ بٹہ، شنکیاری، بٹل، بالاکوٹ میں شٹر ڈاؤن کے مناظر جبکہ دوسری جانب شاہ میر خان سواتی، منیر حسین لغمانی، عادل، دلاور و دیگر خطاب کر رہے ہیں

ہری پور خسرہ کی وبا پھوٹ پڑی، 4 بچے جاں بحق

ضلع ہری پور کے دور افتادہ علاقے گندف اور ملحقہ ابادیوں میں گزشتہ ایک ہفتے کے دوران 4 کمسن بچے جاں بحق ہو گے ہیں، بچوں میں خسرہ کی بیماری کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے

سرائے نعمت خان (ڈاکٹر ساجد اعوان سے) گندف اور مضافات میں خسرہ کی بیماری پھوٹنے کا خدشہ چار بچے جاں بحق جاں بحق ہونے والے بچوں کی عمریں پانچ سال سے کم بتائی جاتی ہیں علاقے میں تشویش کی لہر زرائع کے مطابق ضلع ہری پور کے دور افتادہ علاقے گندف اور ملحقہ ابادیوں میں گزشتہ ایک ہفتے کے دوران 4 کمسن بچے جاں بحق ہو گے ہیں زرائع کے مطابق بچوں میں خسرہ کی بیماری کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے گندف گاں میں ایک ہفتے کے دوران 4 کمسن بچے جاں بحق ہونے سے علاقے میں تشویش کی لہر پائی جاتی ہے جاں بحق بچوں کی عمریں چند ماہ سے پانچ سال تک بتائی گئی ہیں۔ مقامی افراد کے مطابق بچوں میں تیز بخار، جسم پر دانے اور شدید (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

تمام کاروباری مراکز اور ٹرانسپورٹ حسب معمول رواں دواں

ملک بھر کی طرح شنکیاری میں بھی 8 فروری کی ہڑتال مکمل طور پر ناکام رہی

شنکیاری (بیورو چیف) ملک بھر کی طرح شنکیاری میں بھی 8 فروری کی ہڑتال مکمل طور پر ناکام، تمام کاروباری مراکز اور ٹرانسپورٹ حسب معمول رواں دواں، شنکیاری مال منڈی میں بھی عوام کا بے تحاشا رش، عوام نے 8 فروری کی ہڑتال کو مکمل مسترد کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق 8 فروری کی ہڑتال کو ملک بھر کی طرح شنکیاری کے عوام نے بھی مکمل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

تھانہ شنکیاری ایس ایچ او شاہین اکبر کی دبنگ کارروائی

مانسہرہ (چیف رپورٹر) تھانہ شنکیاری ایس ایچ او شاہین اکبر کی دبنگ کارروائی، ڈھوڈیال میں منشیات فروش گرفتار، 1624 گرام چرس برآمد تھانہ شنکیاری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

پاکستان پیپلز پارٹی نظریاتی گروپ کا سرفراز خان کی زیر صدارت اہم اجلاس

ایبٹ آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی نظریاتی گروپ کا اہم اجلاس منعقد پاکستان پیپلز پارٹی نظریاتی گروپ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

دکانیں بند کرنے کے فیصلے پر شہریوں کا سارا دن کاروبار چلتا رہا

8 فروری کی ہڑتال مکمل فلاپ، ہری پور میں کاروبار زندگی رواں دواں رہا

ہری پور (کرائم رپورٹر) 8 فروری کی ہڑتال مکمل فلاپ، ہری پور میں کاروبار زندگی رواں دواں، دکانیں بند کرنے کے فیصلے پر شہریوں کا سارا دن کاروبار چلتا رہا، جیولرز، بک سٹال، ہوٹل، میڈیکل سٹورز، ہسپتال، شاپنگ مال سمیت دیگر کاروبار زندگی معمول کے مطابق چلتے رہے، تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ ہری پور میں گزشتہ روز تمام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

نیئر عباس نے جعفری نے ترلاہی امام بارگاہ پر خودکش حملے کی مذمت کی

پاکستان میں اس وقت انسانی جان کی کوئی قدر و قیمت باقی نہیں رہی ہے، صوبائی صدر مجلس وحدت المسلمین

ہری پور (چیف رپورٹر) صوبائی صدر مجلس وحدت المسلمین خیبر پختونخوا نیر عباس جعفری ترلاہی امام بارگاہ خدیجہ الکبریٰ پر خودکش حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے، مجلس وحدت المسلمین عزاداری سیل کے صوبائی صدر خیبر پختونخوا نیئر عباس جعفری نے ترلاہی امام بارگاہ خدیجہ الکبریٰ پر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

پاکستان تحریک انصاف کی کال پر جزوی ہڑتال، کارکنوں اور دکانداروں میں جھگڑے

حویلیاں اور منڈیاں میں پی ٹی آئی کارکنان نے کھلی دکانوں کو زبردستی بند کرانے کی کوشش کی

ایبٹ آباد (خرم شہزاد جدون) پاکستان تحریک انصاف کی کال پر جزوی ہڑتال۔ زبردستی دکانیں بند کرانے پر پی ٹی آئی کارکنوں اور دکانداروں میں جھگڑے۔ سابق سپیکر مشتاق احمد غنی کھلی دکانوں کے شٹر خود بند کرتے رہے۔ پی ٹی آئی کارکنان کی ریلیاں اور شاہراہ ریشم کو منڈیاں کے مقام سے ٹائر جلا کر بند کر دیا۔ گزشتہ روز پاکستان تحریک انصاف (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف شہریوں کا سخت احتجاج

تحصیل خان پور کے درجنوں دیہاتوں کی عوام نے واپڈا کے خلاف سخت احتجاج کیا

خان پور (کرائم رپورٹر) تحصیل خان پور کے درجنوں دیہاتوں میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف شہریوں کا سخت احتجاج، لوڈشیڈنگ کے عذاب سے صارفین کی جان خلاصی کروائی جائے عوام کا نومنتخب ممبر قومی اسمبلی بابر نواز خان سے مطالبہ، خان پور، جولیاں، توفکیاں، منگ و دیگر متعدد علاقوں کی عوام نے ذرائع ابلاغ کو بتایا کہ سردی کے موسم میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

حویلیاں احتجاجی کال کے دوران زبردستی تاجر شٹر ڈاؤن کرنے پر جھگڑا

تو تکرار دیکھتے ہوئے قائدین تحریک انصاف نے فوری طور پر اس میں مداخلت کر کے مزید بھگدڑ ہونے سے روک دیا

حویلیاں (نمائندہ شمال) حویلیاں تحریک انصاف کی شٹر ڈاؤن احتجاجی کال کے دوران زبردستی تاجر سے شٹر ڈان کرنے پر جھگڑا تحریک انصاف کی قیادت کی بروقت مداخلت نوجوانوں کو سختی سے روک لیا گیا تفصیلات کے مطابق حویلیاں شہر میں گزشتہ روز تحریک انصاف کے کچھ جوانوں کی جانب سے ایک تاجر سے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

مانسہرہ میں مرکزی انجمن تاجران ضلع مانسہرہ و پی ٹی آئی کی کال پر ہونے والی ہڑتال کے موقع پر صوبائی نائب صدر کمال سلیم سواتی تاجران رہنما ملک شکیل اعوان و دیگر مقررین احتجاجی جلسہ سے خطاب کر رہے ہیں

صوبائی حکومت کا ہر تحصیل میں ایک پولیس سٹیشن خواتین کے حوالے کرنے کا اعلان

صوبائی حکومت کا خواتین کے حوالے کیے جانے والے پولیس سٹیشنز کیلئے 1 ارب روپے مختص کرنے کا اعلان

ہری پور (گل جان خان سے) صوبائی حکومت کا ہر تحصیل میں ایک پولیس سٹیشن خواتین کے حوالے کرنے کا اعلان، صوبائی حکومت کا خواتین کے حوالے کیے جانے والے پولیس سٹیشنز کیلئے 1 ارب روپے مختص

روزنامہ شمال ایبٹ آباد، مظفر آباد، سوات اور کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات سے زیادہ ہے
سروے۔ گیلپ، این آر سی، آئی سی ایم ایپا پاکستان میں چوتھی بڑی ایڈورٹائزر نے پاکستان پریس کونسل سے پیچھا کرا کے ہمارے اخبار کو شائع کیا

روزنامہ شمال
ڈیجیٹل ریڈیو ایڈیٹر ہزارہ ڈویژن
عبدالوحید ہزاروی

روزنامہ شمال ایبٹ آباد مرکزی دفاتر
پلاٹ نمبر A-6 سائل انڈسٹریز اسٹیٹ ایبٹ آباد
فون نمبرز 0992-385577
موبائل نمبر: 0314-5003149
فیکس 0992-385575,385576,385578
Email: dailyshamal1991@gmail.com Web: www.shamal.com.pk

روزنامہ شمال پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

سوات
جہانزیب بابا چوک بائی پاس روڈ سوات
فون نمبرز 0946-711788,711700
فیکس 0946-720452

مانسہرہ بیورو
سب آفس شعیب روڈ کچہری چوک، مانسہرہ
0321-9838817

کراچی
اسپرمیڈیکل سنٹر پلازہ فرنٹز کاطے والا موڑ
فرحت ظفر ایم اے جناح روڈ کراچی
فون نمبرز 021-2752266,2752421
فیکس 021-2752422
E-mail: shamalkarachi@yahoo.com

ہزارہ بیورو
محمد جاوید عباسی
ایڈریس: اسی ایف آئی پی سرکل روڈ، بالمقابل ایجوکیشنل کمپلیکس ایبٹ آباد
فون نمبر: 0995-612434
فیکس نمبر 0995-612426

راولپنڈی/اسلام آباد
ندیم خان جدون
03200880105
بلگرام۔ شیر خان (بیورو چیف) 0301-8149023
0300-5761144,0993-487049

مظفر آباد
عتب جی پی او نزد ایوان صدر مظفر آباد
فون نمبر 05822-446938
فیکس۔ 05822-446842
Email: shamalmzd2011@gmail.com

موبائل بیورو
سید عبدالقدوس شاہ گیلانی (بیورو چیف)
0992-810899

مظفر نجیب الرحمان
0917-530302
0917-530303
0917-530304
0917-530305
0917-530306
0917-530307
0917-530308
0917-530309
0917-530310
0917-530311
0917-530312
0917-530313
0917-530314
0917-530315
0917-530316
0917-530317
0917-530318
0917-530319
0917-530320
0917-530321
0917-530322
0917-530323
0917-530324
0917-530325
0917-530326
0917-530327
0917-530328
0917-530329
0917-530330
0917-530331
0917-530332
0917-530333
0917-530334
0917-530335
0917-530336
0917-530337
0917-530338
0917-530339
0917-530340
0917-530341
0917-530342
0917-530343
0917-530344
0917-530345
0917-530346
0917-530347
0917-530348
0917-530349
0917-530350
0917-530351
0917-530352
0917-530353
0917-530354
0917-530355
0917-530356
0917-530357
0917-530358
0917-530359
0917-530360
0917-530361
0917-530362
0917-530363
0917-530364
0917-530365
0917-530366
0917-530367
0917-530368
0917-530369
0917-530370
0917-530371
0917-530372
0917-530373
0917-530374
0917-530375
0917-530376
0917-530377
0917-530378
0917-530379
0917-530380
0917-530381
0917-530382
0917-530383
0917-530384
0917-530385
0917-530386
0917-530387
0917-530388
0917-530389
0917-530390
0917-530391
0917-530392
0917-530393
0917-530394
0917-530395
0917-530396
0917-530397
0917-530398
0917-530399
0917-530400
0917-530401
0917-530402
0917-530403
0917-530404
0917-530405
0917-530406
0917-530407
0917-530408
0917-530409
0917-530410
0917-530411
0917-530412
0917-530413
0917-530414
0917-530415
0917-530416
0917-530417
0917-530418
0917-530419
0917-530420
0917-530421
0917-530422
0917-530423
0917-530424
0917-530425
0917-530426
0917-530427
0917-530428
0917-530429
0917-530430
0917-530431
0917-530432
0917-530433
0917-530434
0917-530435
0917-530436
0917-530437
0917-530438
0917-530439
0917-530440
0917-530441
0917-530442
0917-530443
0917-530444
0917-530445
0917-530446
0917-530447
0917-530448
0917-530449
0917-530450
0917-530451
0917-530452
0917-530453
0917-530454
0917-530455
0917-530456
0917-530457
0917-530458
0917-530459
0917-530460
0917-530461
0917-530462
0917-530463
0917-530464
0917-530465
0917-530466
0917-530467
0917-530468
0917-530469
0917-530470
0917-530471
0917-530472
0917-530473
0917-530474
0917-530475
0917-530476
0917-530477
0917-530478
0917-530479
0917-530480
0917-530481
0917-530482
0917-530483
0917-530484
0917-530485
0917-530486
0917-530487
0917-530488
0917-530489
0917-530490
0917-530491
0917-530492
0917-530493
0917-530494
0917-530495
0917-530496
0917-530497
0917-530498
0917-530499
0917-530500

پیر 20 شعبان المعظم 1447ھ 09 فروری 2026ء 2083ب

نجی اسکولوں کے کھلتے ہی چھٹیوں کی فیس کا مطالبہ، والدین پریشان

تعلیم کسی بھی معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے اور تعلیمی اداروں کا مقصد صرف علم کی فراہمی نہیں بلکہ قوم کی بہتر تربیت بھی ہوتا ہے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے ہاں بیشتر نجی تعلیمی ادارے اس مقدس فریضے کو ایک منافع بخش کاروبار میں تبدیل کر چکے ہیں جیسے ہی تعطیلات ختم ہوتی ہیں اور اسکول کھلتے ہیں، والدین پر چھٹیوں کی فیس ادا کرنے کا اضافی بوجھ ڈال دیا جاتا ہے، جس سے متوسط اور غریب طبقہ شدید ذہنی و مالی دباؤ کا شکار ہو جاتا ہے۔

یہ سوال انتہائی اہم ہے کہ جب تعطیلات کے دوران نہ تدریس ہوتی ہے اور نہ ہی تعلیمی سرگرمیاں جاری رہتی ہیں تو پھر مکمل فیس کی وصولی کس اصول کے تحت کی جا رہی ہے؟ مہنگائی کے اس دور میں جہاں روزمرہ اخراجات پورے کرنا بھی مشکل ہو چکا ہے، وہاں نجی اسکولوں کی جانب سے بلا جواز فیسوں میں اضافہ اور چھٹیوں کی فیس کا تقاضا سراسر زیادتی محسوس ہوتا ہے تعلیم کو کاروبار بنانے کی یہ روش نہ صرف معاشرتی ناانصافی کو بڑھا رہی ہے بلکہ والدین اور اداروں کے درمیان اعتماد کو بھی کمزور کر رہی ہے۔

حکومت اور متعلقہ تعلیمی محکموں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس مسئلے کا فوری نوٹس لیں فیسوں کے تعین کے لیے واضح اور منصفانہ پالیسی مرتب کی جائے، چھٹیوں کی فیس کے حوالے سے سخت قواعد نافذ کیے جائیں اور خلاف ورزی کرنے والے اداروں کے خلاف مؤثر کارروائی عمل میں لائی جائے ساتھ ہی والدین کے لیے شکایات کے فوری ازالے کا مؤثر نظام قائم کرنا بھی ناگزیر ہے تاکہ وہ استحصال کا شکار نہ ہوں۔

نجی تعلیمی اداروں کو بھی یہ سمجھنا ہوگا کہ تعلیم صرف کمائی کا ذریعہ نہیں بلکہ ایک سماجی ذمہ داری ہے اگر وہ والدین پر غیر ضروری مالی بوجھ ڈالیں گے تو اس کے منفی اثرات پورے تعلیمی نظام پر مرتب ہوں گے بہتر یہی ہے کہ ادارے اعتدال اور احساسِ ذمہ داری کا مظاہرہ کریں، فیسوں میں شفافیت لائیں اور ایسے فیصلوں سے گریز کریں جو والدین کے لیے مشکلات کا باعث بنیں۔

وقت کا تقاضا ہے کہ تعلیم کے شعبے کو حقیقی معنوں میں عوام دوست بنایا جائے جب تک فیسوں کے بے قابو نظام پر قابو نہیں پایا جاتا، والدین کی پریشانی کم نہیں ہو سکتی اور نہ ہی تعلیم سب کے لیے قابلِ رسائی بن سکتی ہے اس مسئلے کا منصفانہ حل ہی ایک صحت مند اور باوقار تعلیمی معاشرے کی ضمانت بن سکتا ہے۔

قارون کی کہانی اور آج کا معاشرہ

قارون کی کہانی کوئی پرانی داستان نہیں، یہ آج کے معاشرے کا ننگا آئینہ ہے۔ وہ شخص جو کبھی علم و فضل کا مرکز تھا، دولت کے انبار ملتے ہی غرور اور تکبر کا زندہ مجسمہ بن گیا۔ جھوٹ، فریب اور الزام تراشی کے ذریعے اپنی برتری ثابت کرنے کی کوشش کی، مگر زمین نے اُسے نگل لیا۔ اور یہی وہ انجام ہے جو ہر اُس معاشرے کا مقدر بنتا ہے جہاں طاقت اور دولت انصاف کو روند ڈالیں۔

پاکستانی معاشرے پر نظر ڈالیں تو لگتا ہے ہم سب نے قارون کی راہ اختیار کر لی ہے۔ عوام بھوک اور مہنگائی کے بوجھ تلے کچلے جا رہے ہیں، جبکہ طاقتور طبقہ محلات اور قیمتی گاڑیوں میں اتراتا ہے۔ نصیحتیں دی جاتی ہیں، مگر عمل کہیں دکھائی نہیں دیتا۔ انصاف کے ایوانوں میں فیصلے طاقتور کے حق میں اور کمزور کے خلاف جاتے ہیں۔ یہی وہ رویہ ہے جو قوموں کو زمین میں دھنسنے پر مجبور کرتا ہے۔

قارون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر الزام لگایا تاکہ ان کی ساکھ کو نقصان پہنچے۔ آج بھی کردار کشی، جھوٹے مقدمات اور میڈیا ٹرائل عام ہیں۔ طاقتور طبقہ اپنی بقا کے لئے ہر حربہ استعمال کرتا ہے۔ مگر تاریخ کا فیصلہ بڑا بے رحم ہے: جھوٹ اور دھوکہ دہی کا انجام ہمیشہ رسوائی اور بربادی ہے۔ سچائی دیر سے ہی سہی مگر بالآخر سامنے آتی ہے اور انصاف اپنا راستہ بنا لیتا ہے۔

قارون کے پاس کوئی جماعت نہ تھی جو اسے اللہ کے عذاب سے بچا سکے۔ آج بھی جب ظلم اور ناانصافی حد سے بڑھ جاتی ہے تو عوام خاموشی سے الگ ہو جاتے ہیں۔ کوئی ادارہ، کوئی جماعت، کوئی طاقت انہیں بچا نہیں سکتی۔ زمین اور وقت ایسے کرداروں کو نگل لیتے ہیں اور ان کے نام عبرت کی مثال بن جاتے ہیں۔ فیصلہ سازوں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ عوام کی خاموشی ان کے لئے سب سے بڑا خطرہ ہے۔

ناجائز دولت کبھی سکون نہیں دیتی۔ بیرون ملک جائیدادیں، آف شور کمپنیاں اور ناجائز اثاثے ایک دن عوامی عدالت میں بے نقاب ہو جاتے ہیں۔ دولت کے انبار وقتی سہارا تو دے سکتے ہیں مگر تاریخ کے کٹہرے میں یہ سب بوجھ بن جاتے ہیں۔ غرور اور تکبر کا انجام ہمیشہ زوال ہے۔ جو لوگ زمین پر فساد پھیلاتے ہیں، وہ آخر کار زمین ہی کے سپرد کر دیئے جاتے ہیں۔

معاشرتی بیماریوں نے جڑ پکڑ لی ہے۔ رشوت، سفارش، ناانصافی اور طاقتور کے لئے الگ قانون، کمزور کے لئے الگ قانون۔ یہ سب وہی ''فساد فی الارض'' ہے جس سے قرآن نے منع کیا تھا۔ مگر ہم نے قارون کی راہ اختیار کر لی ہے۔ عوام بھی خاموش تماشائی بن کر اس بربادی میں شریک ہیں۔ یہی خاموشی اصل جرم ہے جو معاشرے کو اندر سے کھوکھلا کر رہی ہے۔

قارون کی داستان ہمیں جھنجھوڑتی ہے کہ نصیحت کو ٹھکرانے کا انجام ہمیشہ بربادی ہے۔ اگر ہم نے عدل، انصاف اور عاجزی کو اپنا شعار نہ بنایا تو ہمارا انجام بھی وہی ہوگا جو قارون کا ہوا۔ زمین ہمیں نگل لے گی، تاریخ ہمیں رسوا کرے گی اور آنے والی نسلیں ہمیں بددعائیں دیں گی۔

غنچہ ہدایت: اصلاح معاشرہ قرآن اور حدیث کی روشنی میں

(1 سورالمومن آیت نمبر 60 مفہوم:) قول علی(

اور تمہارے رب نے فرمایا مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا۔ بے شک وہ جو میری عبادت سے اونچا کھینچتے ہیں) تکبر کرتے ہیں (عنقریب جہنم میں جائیں گے ذلیل ہوکر۔

(2 سورالمومن آیت نمبر 61 مفہوم:

اللہ جس نے تمہارے لیے رات بنائی کہ اس میں آرام پاؤ۔ اور دن بنایا آنکھیں کھولتا۔ بے شک اللہ لوگوں پر فضل کرنے والا ہے۔ لیکن بہت آدمی شکر نہیں کرتے۔

(3 سورالمومن آیت نمبر 66 مفہوم:

میں منع کیا

گیا ہوں کہ انہیں) بے جانوں (کو پوجوں جنہیں تم پوجتے ہو۔ اللہ کے سوا۔ جب کہ میرے پاس روشن دلیلیں میرے رب کی طرف سے آئیں اور مجھے حکم ہوا کہ رب العالمین کے ہاں گردن رکھوں) اس کی بندگی کروں(

(4 سورالمومن آیت نمبر 78 مفہوم:

اور بے شک ہم نے تم سے پہلے کتنے رسول بھیجے کہ جن میں کسی کا حال تم سے بیان فرمایا اور کسی کا حال نہ فرمایا۔

احادیث نبویؐ

(1 فرمایا آپؐ نے: مزدور کی اجرت اس کے پسینہ خشک ہونے سے پ ہلے ادا کردو۔) سنن ابن ماجہ(

(2 فرمایا آپؐ نے: لوگو !تم سے پہلی قومیں اس لیے تباہ ہوئیں کہ وہ کمزور کو سزا دیتی تھیں اور طاقتور کو چھوڑ دیتی تھیں اللہ کی قسم اگر فاطمہ بنت محمدؐ بھی چوری کرتیں تو ان کا ہاتھ کاٹ دیتا۔) صحیح بخاری(

(3 فرمایا آپؐ نے: جس نے یتیم کا مال بلاحق کھایا۔ وہ قیامت کے دن اپنے پیٹ میں آگ لے کر آئے گا۔) صحیح بخاری(

(4 فرمایا آپؐ نے: میں یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرنے اور اسے کھانا کھلانے کو پسند کرتا ہوں۔) مسند احمد(

گوہر پارے) اقوال زریں(

(1 اگر کسی کو تکبر کے بارے میں اللہ کی ناراضگی اور سزا کا علم ہو تو بندہ فقیروں اور غریبوں سے ملے اور مٹی پہ بیٹھ جائے۔ خوش ہیں۔

(3 صبر اور برداشت اور محبتیں تقسیم کرنے والوں کی اللہ تعالی مدد ضرور کرتا ہے۔

(4 ویسے تو زبان کو لگام دینا درست ۔لیکن بہت خاموش رہنے سے تعلق ٹوٹ جاتے ہیں۔

(5 صبر تمہاری زندگی کو طویل کرتا ہے۔

سچ تو یہ ہے

سمجھا تو یہی جا رہا ہے کہ دنیا نے بہت ترقی کر لی ہے اور سائنس اینڈ ٹیکنالوجی نے دنیا کو آسمان کی بلندیوں پر پہنچا دیا ہے۔ لیکن اصل میں دنیا انسانیت سے دور ہوتی جا رہی ہے۔ اب انسانیت کو دولت اور طاقت سے ماپا جا رہا ہے جب لوگوں سے بلکہ عوام سے اگر سرِ بازار ملاقات ہو جائے تو لوگ خوش نہیں بلکہ ہر قسم کی پریشانیوں میں مبتلا ہو چکے ہیں اور یہ ماننا پڑتا ہے کہ اس وقت غریب اور درمیانہ طبقہ اردگرد کے رویوں سے نالاں ہے ۔ انسانوں کی عزت و تکریم اور قدر و منزلت دولتمندوں ، مقتدروں اور طاقتوروں کے سامنے دم توڑ چکی ہے لگتا ہے کہ کمزور طبقے خوشی کے ساتھ وقت کی غمی کے دریا میں تیر رہے ہیں یا مجبوری میں صرف وقت گزار رہے ہیں خاص کر عمر رسیدہ مرد و زن میں یہ رنج والم کچھ زیادہ ہی دیکھنے کو ملتا ہے۔ ایسے وقت میں زندگی اور رشتوں کی اصلیت بھی کھل کر سامنے آجاتی ہے۔ اور ادھیڑ عمر اور عمر رسیدہ لوگ تو حواث زمانہ کے تھپیڑے اور منفی طرز عمل کے تجربات سے گزر چکے ہوتے ہیں میڈیکل سائنس نے انسانی فکر اور جذبات کی ہیئت کو کسی حد تک جاننے کی کوشش کی ہے۔ نتیجتاً آج کی کامن اور مشہور بیماریاں، ذیابیطس ، فشار خون (Blood Pressure) ڈیپریشن وغیرہ معاشی بدحالی ، بے روزگاری بدامنی اور لاقانونیت حکمرانوں کی لاپرواہی سیاستدانوں اور Motivational کی Speakers جاہلانہ باتوں کی وجہ ہیں جو لوگوں کو مرغوب کرنے کے لیے کی جاتی ہیں اور حکمران کروڑوں اشتہارات اور جلسے جلوسوں اور تختیاں لگانے پہ اڑا دیتے ہیں۔ ہوتی اصل میں سب اندھوں کو ریوڑیاں بانٹنے والی باتیں۔ یہ بے لاگ تقریروں کے ماہرین داد کے ساتھ دولت بھی سمیٹے ہیں۔ اگر عام آدمی کی فلاح و بہبود کی بات کی جائے، تعلیم، صحت اور اشیا خوردونوش اس کی دسترس میں نہیں اپنے ملک کی بات کریں تو آج بھی دو کروڑ بچے سکول سے باہر ہیں۔ پرائیویٹ سیکٹر میں تو تعلیم عام آدمی کی پہنچ سے بہت دور ہو چکی ہے۔ پبلک سیکٹر بھی غریب آدمی کی تعلیم کا ضامن نہیں رہا۔ ہر طرف تعلیم کم فیشن زیادہ ہے۔ ایک زمانہ تھا ، پرائمری میں تختی اور سلیٹ کا استعمال تھا بستے بھاری نہیں تھے۔ کاپیوں اور بے جا نصابی کتب کا بوجھ اور اضافی خرچ والدین پہ نہیں پڑتا تھا۔ کم از کم پرائمری اور میٹرک تک عام بچے تعلیم حاصل کر سکتے تھے۔ آج مفت کی تعلیم صرف حکمرانوں کی بیان بازیوں تک محدود ہے اور اکثر والدین مہنگائی اور نان نفقہ میسر نہ ہونے سے بچوں کو سکول بھیجنے کی بجائے چائلڈ لیبر پر مجبور ہو چکے ہیں۔ ارد گرد نظر دوڑائیں تو بین الاقوامی سطح پہ بھی حالات نہایت پریشان کن بنا دیئے گئے ہیں۔ اس دور میں دنیا کو مہذب کہنا محال ہو چکا ہے۔ ہر طرف مگرمچھوں اور بھیڑیوں کا دور دورہ ہے۔ بڑی مچھلیاں چھوٹی کو کھانے کے درپے ہیں۔ ترقی یافتہ حکومتیں دوسروں کے امن اور سلامتی کو تہہ و بالا اور ان کے وسائل پر قبضہ کرنے کے درپے ہیں۔ بدقسمتی سے اس بدعہدی اور بدسلوکی اور دخل اندازی کا سب سے زیادہ شکار ہیں۔ ایک تو ہماری صفوں میں اتفاق اور یکجہتی کا فقدان ہے۔ اگر مل بیٹھ کر ایک دوسرے کو برداشت کر کے منظم ہو جائیں تو ہمارے آدھے سے زیادہ مسائل حل ہو جائیں گے ۔ اس وقت موجودہ نظام کی تبدیلی اور پورے ملک میں بلدیاتی انتخابات کی ضرورت ہے اور ضرورت اس بات کی ہے کہ اس بارہ سو (1200) کے نمائندوں کی فوج سے جان چھڑا کر صدارتی نظام اور اختیارات نچلی سطح پر لائے جائیں جیسا کہ ہمارے پڑوسی اور دوست ملک ترکیہ میں ہو رہا ہے۔

یادوں کی وہ جنت

بچپن زندگی کا وہ سنہرا باب جسے جتنا بھی یاد کرو، دل مسکراتا بھی ہے اور آنکھیں نم بھی ہو جاتی ہیں۔ وہ دن لوٹ کر نہیں آتے، مگر یادوں کی صورت ہمیشہ دل کے کسی کونے میں سانس لیتے رہتے ہیں۔ وقت گزرتا گیا، عمریں بڑھتی گئیں، ذمہ داریاں کندھوں پر آ بیٹھیں مگر بچپن کی وہ معصوم دنیا آج بھی ویسی ہی آباد ہے بس کردار کم ہو گئے ہیں، آوازیں مدھم ہو گئی ہیں، اور آنگن سنسان ہو گئے ہیں۔

مجھے آج بھی وہ دن یاد ہیں جب اسکول کی چھٹی کے بعد ہم سیدھا گھر نہیں آتے تھے بلکہ کھیتوں کا رخ کرتے اور وہاں اپنا اسکول کھول لیتے۔ لکڑی کے چھوٹے چھوٹے بیس اکٹھے کرتے، کوئی استاد بنتا، کوئی شاگرد اور یوں ہماری اپنی عدالت، اپنی جماعت اور اپنی دنیا سج جاتی۔ نہ کوئی ڈگری کا لالچ، نہ نوکری کی فکر بس کھیل ہی تعلیم تھا اور تعلیم ہی کھیل۔

عید کے دنوں کی خوشیاں تو جیسے روح میں اتر جاتی تھیں۔ جب پی ٹی وی پر عید اسپیشل فلم لگتی تو پورا خاندان ایک جگہ جمع ہو جاتا۔ فرش پر دری بچھتی، کوئی تکیہ سنبھالتا، کوئی چائے بناتا اور ہم بچے سب سے آگے بیٹھنے کی ضد کرتے۔ اسکرین چھوٹی تھی مگر خوشی بہت بڑی تھی۔ وہ اجتماعی دیکھنا وہ ہنسی وہ تبصرے آج کے اکیلے موبائل اسکرینوں میں کہاں؟

مجھے آج بھی یاد ہے میرے کزن مجھے اٹھا کر اسکول لے جایا کرتے تھے۔ میں آدھی نیند میں ہوتا مگر ان کے کندھے پر سر رکھ کر جانے کا مزہ ہی کچھ اور تھا۔ وہ صرف کزن نہیں تھے بڑے بھائی، دوست اور محافظ سب کچھ تھے۔

لیکن بچپن کی سب سے بڑی دولت میرے دادا اور دادی تھے۔

میرے دادا نام کے برکت اللہ تھے، مگر حقیقت میں سراپا برکت تھے۔ ان کی موجودگی گھر پر کسی سایہ دار درخت جیسی تھی۔ خاموش طبیعت نفیس مزاج دھیمے لہجے میں بات کرنے والے مگر دل ایسا وسیع کہ سب کو سمیٹ لیتا۔ وہ کم بولتے تھے مگر جب بولتے تو لفظ دعا بن جاتے۔

ان کے برسوں وفات کو گزر چکے ہیں مگر سچ کہوں، وقت مرہم نہیں بن سکا۔ آج بھی جب ان کی یاد آتی ہے تو دل خون کے آنسو روتا ہے۔ ایسا لگتا ہے جیسے گھر کا ایک ستون گر گیا ہو ایک سایہ اٹھ گیا ہو ایک برکت رخصت ہو گئی ہو۔

دل چاہتا ہے ایک بار پھر ان کے پاس بیٹھ جاں

ان کے ہاتھ چوم لوں

اور کہہ سکوں:

دادا جی تسی واقعی ساڈے لئی برکت ہی او

میری دادی محبت کی ٹھنڈی چھاں تھیں۔ ان کی ڈانٹ میں بھی دعا ہوتی تھی۔ جب میں شرارت کرتا تو وہ بظاہر ناراض ہوتیں مگر چند لمحوں بعد خود ہی گلے لگا لیتیں۔ ان کے ہاتھ کا سر پر پھیرنا آج بھی یاد آتا ہے تو روح تک سکون اتر جاتا ہے۔ دادی کے ہوتے گھر، گھر نہیں جنت لگتا تھا۔

اور پھر میرے بچپن کی دوسری جنت میری نانی۔

گاں کی وہ صبحیں آج بھی میری روح میں زندہ ہیں۔ جب سورج کی پہلی روشنی نکلتی اور ایک محبت بھری آواز میرے کانوں میں گونجتی: شعیب اوشعیب اٹھ جا، ناشتہ ٹھنڈا ہو رہا ہے

وہ آواز آج بھی میرے اندر گونجتی ہے۔ محبت اتنی خالص، شفقت اتنی وسیع، اور اپنائیت ایسی کہ ہر ملنے والا اپنا بن جاتا۔ ان کے ہاتھ کا سادہ سا ناشتہ بھی محبت سے بھرا ہوتا تھا۔ وہ لقمہ نہیں کھلاتی تھیں پیار کھلاتی تھیں۔

مگر جب وہ اس دنیا سے رخصت ہوئیں

تو صرف ایک انسان نہیں گیا

میرا خیال اجڑ گیا۔

سچ بتاں ان کے بعد خیال، خیال نہیں رہا۔

وہ صحن وہی تھا، لوگ وہی تھے، مگر محبت کہیں کھو گئی تھی۔

رشتے کمزور ہو گئے بہار ختم ہو گئی۔

کیونکہ وہ بہار نانی کے ساتھ تھی۔

آج جب میں ماضی کے دریچے کھولتا ہوں تو محسوس ہوتا ہے کہ بچپن صرف کھیلوں، فلموں یا کھیتوں کا نام نہیں تھا بلکہ اصل حسن تو ان بزرگ ہستیوں کی موجودگی تھی۔

ان کے بغیر خوشیاں ادھوری تھیں اور ان کے ساتھ دکھ بھی ہلکے لگتے تھے۔

آج بڑے گھروں میں رہ کر بھی وہ سکون نہیں جو مٹی کے صحن میں ان کے ساتھ بیٹھ کر ملتا تھا۔

آج مہنگے بستروں پر نیند نہیں آتی جو ان کی کہانی سنتے سنتے آ جاتی تھی۔

وقت نے بہت کچھ دیا مگر وہ لوگ واپس نہ دے سکا۔

کاش ایک بار پھر صبح ہو اور وہی آواز آئے

کاش ایک بار پھر سر پر وہی ہاتھ ہو

کاش ایک بار پھر وہی قصے سننے کو مل جائیں

مگر اب یہ سب صرف یادوں کی امانت ہیں

اور یادیں کبھی مرتی نہیں بس رلا دیتی ہیں۔

دعا

اللہ میرے دادا برکت اللہ، میری دادی، میرے نانا، اور میری نانی کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے

اور تمام امتِ مسلمہ کے مرحومین کی کامل مغفرت فرمائے آمین۔

قیامت کی رات، سورج کا مغرب سے طلوع اور روایات کی تاریخی حیثیت

قیامت کے قریب رونما ہونے والے واقعات ہمیشہ سے انسانی فکر و تجسس کا مرکز رہے ہیں۔ قرآنِ مجید اور احادیثِ نبوی ﷺ میں قیامت کی کئی بڑی اور چھوٹی نشانیاں بیان کی گئی ہیں جنہیں اشراطِ قیامت کہا جاتا ہے۔ ان نشانیوں میں بعض ایسی ہیں جو قطعی اور متفق علیہ ہیں، جبکہ کچھ واقعات عوامی روایات اور کمزور نقولات کی صورت میں بیان ہوتے رہے ہیں۔ حالیہ عرصے میں ایک روایت بار بار زیرِ بحث آتی ہے کہ قیامت سے کچھ عرصہ قبل ایک رات تین راتوں کے برابر ہو جائے گی، اس کے بعد سورج مغرب سے طلوع ہوگا اور شیطان سجدے میں گر جائے گا۔ اس مضمون میں ہم اس بیان کی دینی اور تاریخی حیثیت کا جائزہ لیتے ہیں۔

سورج کا مغرب سے طلوع ہونا ایک ثابت شدہ حقیقت

اسلامی عقائد میں جس نشانی پر کسی قسم کا اختلاف نہیں وہ سورج کا مغرب سے طلوع ہونا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے واضح الفاظ میں فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک سورج مغرب سے طلوع نہ ہو جائے۔ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں موجود اس حدیث کے مطابق، جب یہ منظر ظاہر ہوگا تو لوگ ایمان لے آئیں گے، مگر اس وقت ایمان قبول نہ ہوگا، کیونکہ توبہ کا دروازہ بند ہو چکا ہوگا۔

علما کے نزدیک سورج کا مغرب سے طلوع ہونا یہ ہے کہ سورج اپنی موجودہ گردشی سمت کو تبدیل کر لے، یعنی وہ مشرق کے بجائے مغرب سے نکلنے لگے۔ اس کے ساتھ ہی زمین کی گردش کا نظام بھی الٹ جائے گا، جس کے نتیجے میں دن اور رات کا معمول یکسر بدل جائے گا۔ یہ کوئی معمولی تبدیلی نہیں بلکہ پوری کائنات کے توازن کا بدل جانا ہے۔

تین راتوں کے برابر ایک رات: روایت یا روایت سازی؟

جہاں تک اس بیان کا تعلق ہے کہ قیامت سے پہلے ایک رات تین راتوں کے برابر ہو جائے گی، تو اس بارے میں کوئی صحیح اور متفق علیہ حدیث موجود نہیں۔ بعض کتب، عوامی خطابات اور غیر مستند تحریروں میں اس کا ذکر ملتا ہے، لیکن محدثین کی اکثریت کے مطابق اس روایت کی سند کمزور یا غیر ثابت ہے۔

اہل علم اس بات پر زور دیتے ہیں کہ قیامت کے نشانات کے معاملے میں صرف انہی روایات کو بنیاد بنایا جائے جو صحیح یا حسن درجے کی ہوں، کیونکہ ضعیف روایات کو عقیدے کی بنیاد بنانا گمراہی کا سبب بن سکتا ہے۔

سورج کا سجدہ اور اس کی واپسی

صحیح احادیث میں یہ مضمون ضرور آیا ہے کہ سورج ہر روز غروب ہونے کے بعد اللہ تعالی کے حکم سے سجدہ کرتا ہے، اور ایک دن ایسا آئے گا جب اسے واپس پلٹ جانے کا حکم دیا جائے گا اور وہ مغرب ہی سے طلوع ہوگا۔ یہ بیان تشریحی اور ایمانی مفہوم رکھتا ہے، جس کا مقصد اللہ تعالی کی قدرتِ کاملہ کو بیان کرنا ہے، نہ کہ فلکیاتی بحث چھیڑنا۔

شیطان کا سجدے میں گرنا حقیقت یا افسانہ؟

بعض حلقوں میں یہ بات بھی بیان کی جاتی ہے کہ سورج کے مغرب سے طلوع ہونے پر شیطان سجدے میں گر جائے گا۔ تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ اس مضمون پر کوئی صحیح حدیث موجود نہیں۔ شیطان کے سجدے سے متعلق صرف وہ واقعہ ثابت ہے جو آدم علیہ السلام کی تخلیق کے وقت پیش آیا، جہاں اس نے سجدہ کرنے سے انکار کیا اور ہمیشہ کے لیے مردود ٹھہرا۔

اس لیے قیامت کے نشانات کے ساتھ شیطان کے سجدے کو جوڑنا دینی اعتبار سے درست نہیں۔

احتیاط، تحقیق اور شعور

قیامت کے واقعات پر گفتگو کرتے وقت سب سے بڑی ذمہ داری تحقیق اور احتیاط کی ہے۔ یہ بات تو مسلمہ ہے کہ سورج کا مغرب سے طلوع ہونا ایک اٹل حقیقت ہے، لیکن تین راتوں کی رات اور شیطان کے سجدے جیسے بیانات ضعیف یا غیر مستند روایات پر مبنی ہیں۔ اسلام ہمیں خوف کے بجائے اصلاحِ نفس، توبہ اور عمل کی دعوت دیتا ہے۔ قیامت کی نشانیاں سنانے کا مقصد سنسنی پھیلانا نہیں بلکہ انسان کو یہ یاد دلانا ہے کہ زندگی عارضی ہے اور مہلت ہمیشہ کے لیے نہیں۔

آج اگر انسان حق کو پہچان لے، سچائی اختیار کرے اور عدل و دیانت کے راستے پر چل پڑے، تو قیامت کی نشانیاں اس کے لیے خوف نہیں بلکہ نجات کا پیغام بن سکتی ہیں۔

2011 بیچ: گیارہ سال کی سزا، میرٹ کا جرم

تحریر: ذیشان عباسی
سماجی امور پر قلمکار و کالم نگار

خیبر پختونخوا پولیس میں اگر کسی ایک بیچ کے ساتھ سب سے زیادہ ناانصافی ہوئی ہے تو وہ پبلک سروس کمیشن کا 2011 بیچ ہیاور یہ بات اب محض رائے نہیں بلکہ ایک تلخ اور ناقابلِ تردید حقیقت بن چکی ہے۔

2011 کے اس بیچ کے افسران کو 2015 میں سب انسپکٹر کے عہدے پر ترقی دی گئی۔ یہ وہ افسران تھے جو مقابلے کے امتحان، تعلیمی اہلیت اور میرٹ کے ذریعے سروس میں آئے، اور جن سے یہ توقع وابستہ تھی کہ مستقبل میں یہی لوگ ادارے کی قیادت کریں گے۔ مگر افسوسناک حقیقت یہ ہے کہ 2026 آ چکا ہے، گیارہ سال گزر چکے ہیں، اور 2011 بیچ کے افسران آج بھی سب انسپکٹر ہی ہیں۔

یہاں ناانصافی محض تاخیر تک محدود نہیں رہتی بلکہ یہ کھلی الٹ سینیارٹی (Reverse Seniority) کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ 2017 میں سب انسپکٹر پروموٹ ہونے والے افسران آج انسپکٹر بن چکے ہیں اور کنفرم بھی ہو چکے ہیں، جبکہ اس سے بھی زیادہ حیران کن امر یہ ہے کہ 2011 بیچ کے بعد تین سال بعد سب انسپکٹر بننے والے افسران آج انہی پر سینئر شمار ہو رہے ہیں۔

یعنی جو افسر تین سال بعد آیا، وہ آج تین سال آگے کھڑا ہے۔

یہ محض تاخیر نہیں بلکہ ایک نظامی تضاد ہے۔ یہ اتفاق نہیں بلکہ پالیسی کی سنگین ناکامی ہے۔ سوال یہ ہے کہ آخر ایسا کیا ہوا کہ:

2011 بیچ 2015 میں سب انسپکٹر بنا اور 2026 میں بھی وہیں کھڑا ہے؟

2017 میں آنے والا افسر آج انسپکٹر بھی ہے اور کنفرم بھی؟

اور 2011 کے بعد تین سال بعد پروموٹ ہونے والا افسر آج سینئر شمار ہو رہا ہے؟

اگر سروس اسٹرکچر میں اس کی کوئی مثال موجود ہے تو وہ پیش کی جائے کیونکہ مہذب سروسز میں سینئر افسر کو جونیئر کے ماتحت کرنا کسی بھی صورت قابلِ قبول نہیں ہوتا۔

اس ناانصافی کے اثرات اب محض کاغذوں تک محدود نہیں رہے بلکہ فیلڈ میں واضح طور پر محسوس کیے جا سکتے ہیں۔ میں نے خود دیکھا ہے کہ 2015 میں جو افسر ایس ایچ او تھے، آج ان کے جونیئر ایس ایچ او اور انسپکٹر بن چکے ہیں، جبکہ وہی سینئر افسر انہی کے ماتحت کام کرنے پر مجبور ہیں۔ یہ صرف عہدوں کی تبدیلی نہیں بلکہ پیشہ ورانہ وقار کی کھلی پامالی ہے۔

اس صورتحال کا نتیجہ یہ نکلا ہ

شیشم — 4 روپے — 200 پودے تک کے پروجیکٹ مارکیٹ ریٹ 300 روپے فی پودا۔ 200 سے 1000 پودے تک کا آرڈر 275 روپے فی پودا۔ 1000 سے زائد پودوں کا آرڈر 250 روپے فی پودا۔ پروجیکٹ مارکیٹ ریٹ میں 300 پودے تک استعمال شدہ ٹوٹی پھوٹی مارکیٹ 350 روپے فی پودا۔ 400 پودے تک ٹوٹی پھوٹی مارکیٹ 400 روپے فی پودا۔ 400 سے 2000 پودے، 500 روپے اضافے سمیت 100 روپے فی پودا۔ 5000 پودے تک کا ٹوٹی پھوٹی مارکیٹ ریٹ 600 روپے، 5001 سے 6000 پودے استعمال پر فی پودا 675 روپے، 6001 سے 7500 پودے 675 روپے، 7501 سے 12500 پودے 700 روپے فی پودا۔ 12501 سے 32500 پودے 675 روپے فی پودا۔ ہر 1000 پودوں کے بعد 49 روپے فی پودا اضافہ۔ 32501 سے 49000 پودے 700 روپے فی پودا۔ 49001 سے 91000 پودے 700 روپے فی پودا۔ 91000 سے زائد پودوں کا ریٹ مارکیٹ سے طے کیا جائے گا۔ ٹوٹی پھوٹی مارکیٹ کے لیے کم از کم 15 کلومیٹر کا فاصلہ ضروری ہے۔ 5 کلومیٹر تک کرایہ 8040 روپے فی ٹرک۔ ہر اضافی کلومیٹر پر 120 روپے اضافہ۔ ٹرک میں پودوں کی ترتیب ذمہ داری ٹرانسپورٹر کی ہوگی۔ ٹرک کی لمبائی 24 فٹ، چوڑائی 8 فٹ اور اونچائی 10 فٹ ہے۔

کیلا — 5 روپے — 100 پودے تک کا آرڈر 5 گھنٹے میں ڈلیور کیا جائے گا۔ 100 سے 500 پودوں کا آرڈر 24 گھنٹے میں ڈلیور کیا جائے گا۔ 500 سے 1000 پودوں کا آرڈر 48 گھنٹے میں ڈلیور کیا جائے گا۔ 1000 سے زائد پودوں کا آرڈر 72 گھنٹے میں ڈلیور کیا جائے گا۔ کیلا کے پودے کی لمبائی 5 فٹ سے کم نہ ہو۔ پودے کا تنا کم از کم 3 انچ موٹا ہو۔ پودے پر کم از کم 4 صحت مند پتے موجود ہوں۔ پودے پر کیڑے مکوڑے یا بیماری کے نشانات نہ ہوں۔ پودے کی جڑ مٹی سے ڈھکی ہوئی ہو۔ پودے کو ٹرک میں الٹا لٹکا کر لوڈ کیا جائے گا۔ ٹرک میں کیلا کے پودوں کی گنجائش 700 پودے ہے۔ 700 سے زائد پودوں کے لیے دوسرا ٹرک الگ سے بھیجا جائے گا۔ کیلا کے پودوں کی ڈلیوری کے وقت موجود رہنا ضروری ہے۔ ڈلیوری کے وقت پودوں کی گنتی کی جائے گی۔ گنتی میں کمی کی صورت میں 24 گھنٹے کے اندر اطلاع دینا ضروری ہے۔ اطلاع کے بعد کمی کا دعویٰ قابل قبول نہیں ہوگا۔ کیلا کے پودوں کی ڈلیوری کے بعد کسی قسم کی واپسی قابل قبول نہیں ہوگی

مانسہرہ، ممتاز سماجی شخصیت شیخ غلام غوث اور سینئر صحافی شیخ نذیر کے پی کے صدر تاجران ملک شکیل اعوان کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کر رہے ہیں

کامیاب ہڑتال، تاجر برادری کی جانب سے کاروبار بند رہے

ایبٹ آباد بانڈہ پیر خان روڈ کھنڈرات کا منظر پیش کرنے لگا

جگہ جگہ نالے کھڈے خستہ حال روڈ سڑک سے روڈ تلاش کرنا مشکل ہوگیا، اصلاح کا مطالبہ

ایبٹ آباد (نامہ نگار) ایبٹ آباد بانڈہ پیر خان روڈ گھنڈرات کا منظر پیش کرنے لگا جگہ جگہ نالے کھڈے خستہ حال روڈ سڑک سے روڈ تلاش کرنا مشکل ہوگیا سڑک کی خستہ حالی کی وجہ سے جہاں مریضوں کو ہسپتال منتقل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 37)

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ گردونواح میں کامیاب ہڑتال، تاجر برادری کی جانب سے کاروبار بند، سلیم عمران خان سواتی، امیدوار برائے قومی اسمبلی حلقہ این اے 14-مانسہرہ کے فرزند احمد شاہ میر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 38)

مانسہرہ، بیرسٹر سگین سلطان خان اسلام آباد مسجد میں بم دھماکہ کے دوران شہید ہونے والے سید حسن عباس شاہ کی نماز جنازہ میں شرکت کرتے ہوئے

حویلیاں تاجروں سے لڑائی جھگڑے کرنے کی بھرپور مذمت

ہڑتال سے مینڈیٹ چور حکمرانوں کو اپنی حیثیت کا اندازہ ہو چکا ہوگا

پاکستانی قوم کی آخری امید عمران خان ہی ہے، اکبر ایوب خان کا عوامی اجتماع سے خطاب

حویلیاں (نمائندہ شمال) حویلیاں میں گذشتہ روز تحریک انصاف کی زبردستی تاجروں سے دوکانوں کو بند کروانے اور تاجروں سے لڑائی جھگڑے کرنے کی بھرپور مذمت کرتے ہیں فیض اللہ خان رہنما یوتھ ونگ حویلیاں انھوں نے کہا اس واقعہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 36)

ہری پور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے راہنما وصوباء وزیر ایجوکیشن اکبر ایوب خان نے کہا ہے کہ ہری پور کے غیور عوام نے شٹر ڈان ہڑتال کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ عوام وفاق میں بیٹھے جعلی حکمرانوں کی ناقص، عوام دشمن اور غریب کش پالیسیوں سے متنفر ہو چکے ہیں 8 فروری کا شٹر ڈاؤن ہڑتال وفاقی اور پنجاب کے جعلی حکمرانوں کے خلاف علم بغاوت بلند کرنا تھا ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد سے قبل اپنے ووٹروں سپورٹروں و ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 35)

گڑھی حبیب اللہ 8 فروری ہڑتال کے موقع پر پاکستان تحریک انصاف کے رہنما احتجاجی جلسہ سے خطاب کر رہے ہیں

آٹھ فروری کو پی ٹی آئی کی کال پر ہڑتال ناکام رہی

لاری اڈہ مانسہرہ میں ہوٹل مالکان عوام کو خوب لوٹنے لگے

نہ تو سالن معیاری ہوتا ہے اور نہ ہی چائے، بعض ہوٹلوں میں باسی کھانے بھی کھلائے جاتے ہیں

شنکیاری (بیورو چیف) آٹھ فروری کو پی ٹی آئی کی کال پر ہڑتال ناکام رہی شنکیاری مین بازار کھلے رہے ٹرانسپورٹ چلتی رہی اتوار بازار میں بھی لوگوں کی رش لگی رہی تاجروں نے معمول کے مطابق اپنی دوکانیں کھلی رکھیں اور کاروبار کرتے رہے عوام کا کہنا ہے کہ ہڑتال سے تاجروں اور غریب عوام کو نقصان ہوتا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 34)

سانڈے سر (نمائندہ شمال) لاری اڈہ مانسہرہ میں جملہ ہوٹل مالکان عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں نہ تو سالن معیاری ہوتا ہے اور نہ ہی چائے، بعض ہوٹلوں میں باسی کھانے بھی کھلائے جاتے ہیں متعلقہ اداروں نے دانستہ چشم پوشی اختیار کر رکھی ہے۔ تفصیلات کے مطابق لاری اڈہ کے دوکانداروں اور مزدوروں پر مشتمل ایک وفد نے نمائندہ شمال سے ایک خصوصی ملاقات کے دوران بتایا کہ ہمیں دن میں مجبوراً ہوٹلوں میں کھانا کھانا پڑتا ہے لیکن لاری اڈہ کے ہوٹل مالکان نے لوٹ مچا رکھی ہے مذکورہ ہوٹلوں کے کھانے انتہائی غیر معیاری ہوتے ہیں اور نہ ہی چائے پینے کے قابل ہوتی ہے لیکن کھانے کے پیسے اپنی مرضی کے لیتے ہیں چائے کا فی کپ پچاس روپے میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 33)

مانسہرہ عظمت قرآن کانفرنس سے مفتی محمد عمر رحمانی، میاں ضیا الرحمان، میاں عنایت الرحمٰن، میاں قاسم ہزاروی اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان ماہانہ روحانی اجتماع کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے

پیر سید فیض علی شاہ کا 85 واں سالانہ عرس کل 10 فروری سے شروع ہوگا

یہ عرس زیر نگرانی پیر سید لعل حسین شاہ سرکار بانڈہ نبی ایبٹ آباد میں 10 اور 11 فروری کو منعقد ہوگا

ایبٹ آباد (نمائندہ شمال) پیر سید فیض علی شاہ المعروف خان بادشاہ سرکار کا 85 واں سالانہ عرس مبارک زیر نگرانی سجادہ نشین پیر سید لعل حسین شاہ ولد پیر سید عبدالجبار شاہ سرکار بانڈہ نبی ایبٹ آباد میں دس، گیارہ فروری کو منعقد ہوگا، عقیدت مند عرس میں بھرپور شرکت کریں، لنگر کا بھی خصوصی اہتمام کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ پیر سید فیض علی شاہ المعروف خان بادشاہ سرکار کا سالانہ عرس مبارک ہر سال دس اور گیارہ فروری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 39)

ہری پور، بندر ہا، ٹرانسپورٹ نہ ہونے کے برابر رہی

ہری پور (جنرل رپورٹر) 8 فروری شٹر ڈاؤن ہڑتال کے سلسلے میں بابائے بلدیات یوسف ایوب خان کی کال پر ہری پور نے تاریخ رقم کر دی، نہ کوئی جلسہ، نہ کوئی ریلی مگر پورا شہر مکمل شٹر ڈاؤن کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 40)



مانسہرہ انڈر 20 کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 جابہ بکریال ونر اور رنر ٹیموں کا سردار اویس، محمد تبارک اور چن زیب کے ہمراہ گروپ فوٹو

مانسہرہ شہر میں شٹر ڈاؤن کامیاب، بعض دوکانیں کھلی رہیں

پی ٹی آئی کی جانب سے دی گئی ہڑتال کے باعث مانسہرہ شہر میں زیادہ تر کاروبار بند رہا

مانسہرہ (خبرنگار) مانسہرہ شہر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کامیاب رہی تاہم چند دوکانیں کھلی رہی پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے دی گئی مینڈیٹ چوری کے حوالے سے دی گئی ملک گیر ہڑتال کی کال پر مانسہرہ شہر میں زیادہ تر کاروبار بند رہا اور ہڑتال کامیاب رہی ماسوائے چند دوکانوں کے جو کھلی تھی اندرون شہر میں پہیہ چلتا رہا اور چھوٹی گاڑیاں روڈوں پر رواں دواں چلتی رہیں مانسہرہ انجمن تاجران کے دو گروپ متحرک رہے ایک جو کہ مکمل ہڑتال کرنے پر زور دیتے رہے جبکہ دوسرا گروپ دوکانیں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 41)

تھانہ ٹی آئی پی پولیس کی کاروائی

منشیات فروش گرفتار

ہری پور (کرائم رپورٹر) تھانہ ٹی آئی پی پولیس کی کاروائی منشیات فروش گرفتار، 3 کلو سے زائد چرس برآمد، ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور کے احکامات کی روشنی میں ضلع کو منشیات سے پاک کرنے کے لیے ہری پور پولیس کا منشیات (بقیہ صفحہ 3 نمبر 42)

ایبٹ آباد، عاشی ملک ڈاکٹر نجیبہ کو محبوب ظفر محمد اظہار الحق کو اور واحد سراج ذوالفقار جیمہ کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں

تحریک انصاف کے مینڈیٹ کو چوری کیا گیا، افتخار خان، علی اصغر

حویلیاں میں بھی پی ٹی آئی رہنماؤں نے شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال پر احتجاجی مظاہرہ کیا

حویلیاں (نمائندہ شمال) 8 فروری 2024 طرح حویلیاں میں بھی تحریک انصاف کے رہنماؤں نے شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال پر احتجاجی مظاہرہ کیا۔ ممبر صوبائی اسمبلی افتخار خان اور علی اصغر خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 8 فروری 2024 کے الیکشن میں پاکستانی قوم کے ووٹ پر ڈاکہ ڈالا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جن لوگوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 43)

برکوٹ ویلفیئر سوسائٹی کا کردار اور اہم اجلاس

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) برکوٹ کی سطح پر تنازعات کے حل کے لیے برکوٹ ویلفیئر سوسائٹی کا کردار اور اہم اجلاس معززین کی شرکت۔ جنید خان تنولی کے والدین کے زخمی ہونے پر اور نقصان پر افسوس کا اظہار اور زخمیوں کی صحت کے دعا کرنے کے ساتھ ساتھ ہر قسم کی جانی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 44)

مانسہرہ، ممبر صوبائی اسمبلی کوئی پالس کوہستان سردار محمد ریاض حجرہ کوہستان میں ملاقات کیلئے عوام کے مسائل سن رہے ہیں

ہمیں آج اسوہ حسنہ پر عمل پیرا ہونے کا عہد کرنا چاہئے

قرآن اور سنت سے دوری کی وجہ سے دنیا میں مسائل جنم لے رہے ہیں، مولانا شمس الدین قمر

ہری پور (نیوز رپورٹر) ہمیں آج اسوہ حسنہ پر عمل پیرا ہونے کا عہد کرنا چاہئے، مولانا شمس الدین قمر، ہم عشق رسول کو دین کی بنیاد اور ختم نبوت کو نجات کی راہ اور ایمان سمجھتے ہیں، نبی کی ولادت باسعادت نے اللہ کی وحدانیت پر نہ صرف مہر ثبت کی بلکہ مقصد انسانیت کو دوام بخش دیا، انہوں نے کہا کہ حضور اکرمؐ کی آمد پوری کائنات کے فرشتے جن وانسان سمیت تمام مخلوق کے لئے خوشیاں کو پیغام لاتی ہے، سرکار دو نبی کریمؐ جہاں کی تشریف آوری سے دنیا ایسی منور ہوئی کہ اندھیرہ ہمیشہ کے لئے دور ہوگیا، حضور اکرمؐ کی تعلیمات سے دکھی، بے سہارا، مجبور اور غلام انسانوں کو آزادی جیسی نعمت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 45)

بالاکوٹ ہڑتال حاجی محمد سلیم کی حکمت عملی سے کامیاب

بالاکوٹ (نامہ نگار) 8 فروری کے شٹر ڈاون ہڑتال بالاکوٹ میں ہر دلعزیز شخصیت حاجی محمد سلیم خان کی بہترین حکمت عملی سے کامیاب؛ تاجر برادری نے تمام تر مشکلات کے باوجود حاجی محمد سلیم خان کی آواز سنی ؛ کاغان روڈ کی تاجر برادری کی اکثریت کا کہنا تھا کہ حاجی محمد سلیم خان جیسی ہر دلعزیز شخصیت کیلئے شٹر ڈاون (بقیہ صفحہ 3 نمبر 46)

گاؤں ڈے کلہاڑی میں ایک ہفتہ سے بجلی بند، لوگ پریشان

پھلڑہ (نمائندہ شمال) یونین کونسل پھلڑہ کے گاؤں ڈلے کلہاڑی میں ایک ہفتہ سے بجلی بند ممبران اسمبلی غائب واپڈا مانسہرہ لمبی تان کر سوگیا کے پی کے میں اچھل بادشاہ، یونین کونسل پھلڑہ کے گاؤں ڈلے اور کلہاڑی میں ایک ہفتہ سے بجلی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 47)

پھلڑہ نوابزادہ ساجد ریاض خان پڑھنہ اظہار خیال کر رہے ہیں

سرن ویلی کے علاقہ بھوگڑ منگ میں pti احتجاج کے باوجود بازار کھلا رہا

جب تک مسئلہ سمجھا نہیں جائے گا، حالات تبدیل نہیں ہو سکتے

بجلی کی بڑھتی قیمتوں نے رہی سہی کسر نکال دی گئی ہے، عوامی حلقوں کا اظہار خیال

ہری پور (سٹی رپورٹر) روز بروز بڑھتی ہوئی مہنگائی سے پریشان ضلع ہری پور کے عوامی حلقوں کا کہنا تھا کہ مہنگائی تب تک کم نہیں ہوگی جب تک مسئلہ سمجھا نہیں جائے گا، حالات تبدیل نہیں ہو سکتے، حکومت اپنی ہی جاری کردہ اشیاء خورونوش ریٹ لسٹ کا جائزہ لینا شروع کر دے تو اندازہ ہو جائے گا کہ عام آدمی کے ساتھ کیا کھیل کھیلا جا رہا ہے، اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں کو قابو میں رکھنے لیے ڈیمانڈ و سپلائی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 48)

خود کو دیکھیں کہ ہم کہاں کھڑے ہیں، اور اپنا محاسبہ کریں

یہ امت دنیا کی بھلائی کے لیے پیدا کی گئی ہے روز محشر یہ باقی امتوں پر شاہد ہوگی، امیر عبدالقدیر اعوان

ہری پور (جنرل رپورٹر) عظمتِ رسالتؐ پر قرآن مجید میں جتنی آیات ہیں ہر آیت میں ایسی عظمت بیان فرمائی گئی کہ لاکھوں تفاسیر لکھی جا چکی ہیں، جب بھی کوئی اس قرآن کے بحر میں اترا وہ نئے جواہر اور موتی لے کر نکلا مجید فرماتا ہے جسے سزا ملتی ہے وہ بھی مسکراتے اور مخلوق کو آراستہ کیا، قیامت تک اللہ کریم جسے توفیق دیں گے عظمت رسولؐ بیان ہوتی رہے گی، قرآن مجید حقوق و فرائض کی ایسی تقسیم فرماتا ہے جس کی راہنمائی سے غیر مسلم بھی اس دارِ دنیا میں ترقی کر رہے ہیں اور جو فیصلے قرآن ہوئے قبول (بقیہ صفحہ 3 نمبر 49)

ایبٹ آباد میں پاکستان انٹرنیشنل ہیومن رائٹس آرگنائزیشن کا تعارفی اجلاس

15 ہزار رضا کاروں کے ساتھ تنظیم 25 برس سے پاکستان سمیت پانچ ممالک میں کام کر رہی ہے

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان انٹرنیشنل ہیومن رائٹس آرگنائزیشن ضلع ایبٹ آباد کے جنرل سیکرٹری شیخ نثار احمد کی رہائش گاہ پر تعارفی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں مرکزی چیئرمین شکایات سیل محمد عثمان خان جدون، ڈویژنل صدر حنیف چوہدری، ملک سعید ایڈووکیٹ، تاجر رہنما زاہد میر، قمر اقبال جدون، مجاہد خان جدون، کاشف جنجوعہ، ایبٹ آباد بزنس کونسل کے وسیم علی ملک کے علاوہ سرکردہ افراد شریک تھے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ 15 ہزار رضا کاروں کے ساتھ تنظیم 25 برس سے پاکستان سمیت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 50)

بھوگڑ منگ بازار ہڑتال اعلانات کے باوجود سارا دن کھلا رہا

ہڑتال فلاپ ہونے کا ذمہ دار کارکنان نے موجودہ ضلعی نائب صدر کو ٹھہرایا

پلھل (سٹاف رپورٹر) pti عہدیداروں کے لیئے سوالیہ نشان سرن ویلی کا بھوگڑ منگ بازار pti پہیہ جام ہڑتال اعلانات کے باوجود سارا دن کھلا رہا پارٹی کے عہدیدار صرف سیلفیوں تک محدود یا در ہے بھوگڑ منگ سے ہی تعلق رکھنے والا نصیر الدین عرف بھائی موجودہ pti ضلع مانسہرہ کا نائب صدر ہے مقامی دوکانداروں نے pti ہڑتال کو بری طرح ناکام بنا دیا pti کارکنان میں شدید غم غصہ اس ہی علاقہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 26)

تعلیمی اداروں میں اساتذہ تنظیموں اور سیاسی مداخلت پر پابندی کا مطالبہ

چند کا ٹولہ مذموم مقاصد کے حصول کیلئے محکمہ تعلیم کے افسران و ملازمین پر اثر انداز ہو رہا ہے

ہری پور (کرائم رپورٹر) تعلیمی اداروں میں اساتذہ تنظیموں اور گروپ بندیوں اور سیاسی مداخلت پر مکمل پابندی عائد کرنے عوامی مطالبہ، طلبہ وطالبات کا مستقبل داؤ پر لگانے، عزت دار و شریف النفس اساتذہ کرام پر سیاسی پنڈتوں کی اثر اندازی کروا کر چند کا ٹولہ اپنے مذموم مقاصد کے حصول کیلئے محکمہ تعلیم کے افسران و ملازمین پر اثر انداز ہو رہا ہے، عوامی سنجیدہ حلقوں کا مرکزی حکومت سے نوٹس لے کر تعلیمی اداروں سے فی الفور تنظیم سازی ختم کرنے میں کردار ادا کرے، ذرائع کے مطابق صوبہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 27)

خانپور بازار میں تجاوزات مافیا کے خلاف تاحال کاروائی نہ ہوسکی

تجاوزات مافیا کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کاروائیاں کر کے روڈ کو آزاد کروایا جائے، شہری

خان پور (میاں احسن شہزاد سے) خانپور بازار میں تجاوزات مافیا کے خلاف تاحال کاروائی نہ ہوسکی، ٹی ایم او خانپور سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ، عوامی وسماجی حلقوں نے ٹی ایم او خان پور سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ خانپور بازار کے مختلف حصوں میں تجاوزات میں اضافہ ہو رہا ہے اور غیر قانونی تجاوزات کے باعث گاڑیوں وشہریوں کا چلنا عذاب بن چکا ہے، کئی بار اس جانب توجہ بھی دلوائی گئی مگر تجاوزات کے خلاف عارضی آپریشن کرنے کے باعث عوامی سماجی حلقے ٹی ایم اے خانپور کی کارکردگی سے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 28)

فہرست تصدیق کے بعد ڈی پی او ہری پور کو بھیجی جائے گی

کھلابٹ کے چاروں سیکٹرز میں منشیات فروشوں کی شمال نے مکمل فہرست حاصل کر لی

کھلابٹ (کرائم رپورٹر) کھلابٹ کے چاروں سیکٹرز میں منشیات فروشوں کی شمال نے مکمل فہرست حاصل کر لی ہے جسے تصدیق کے بعد آئندہ چند دنوں میں ڈی پی او ہری پور کو بھیجی جائے، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کھلابٹ کے چاروں سیکٹرز کے علاقہ معززین نے ہری پور شمال کے دفتر میں آ کر بتایا کہ کھلابٹ کے چاروں سیکٹرز میں نامی گرامی منشیات فروش جن کے اہل خانہ بھی مکروہ کاروبار کر کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 29)

صوبائی حکومت نت نئے تجربات سے عوام کو پریشان کرنا چھوڑ دے

چھوٹے بڑی مالیت کے اسٹامپ پیپر کا حصول مشکل، ذوالقین خان جدون میدان میں آ گئے

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) ہزارہ ڈویژن میں معمولی نوعیت سمیت چھوٹے بڑی مالیت کے اسٹامپ پیپر کا حصول مشکل بنانے پر ہزارہ قومی محاذ کے مرکزی چیئرمین ذوالقرنین خان جدون بھی میدان میں آ گئے۔ خیبر پختون خوا حکومت کی پالیسی پر اختلاف اور ارکان اسمبلی کی خاموشی پر حیرت کا اظہار کیا ہے۔ ہزارہ بھر میں اسٹامپ پیپر کے حصول کے لئے ایک بنک کے باہر لمبی اور طویل قطاروں میں کھڑے کر کے تذلیل کی سخت مذمت کی ہے۔ میڈیا کو جاری پیغام میں مرکزی چیئرمین ذوالقرنین خان جدون اور پارٹی کے مرکزی ترجمان بابو بشیر نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 30)

مانسہرہ، 8 فروری کی ہڑتال جزوی ثابت، کئی دکانیں بند تو کئی کھلی رہیں

ہڑتال نہ مکمل طور پر کامیاب ہوسکی اور نہ ہی مکمل طور پر ناکام قرار دی جاسکتی ہے

مانسہرہ (گلاب طاہر سے) 8 فروری کی ہڑتال جزوی ثابت، کئی دکانیں بند تو کئی کھلی رہیں مانسہرہ شہر میں آج 8 فروری کو اعلان کردہ ہڑتال جزوی طور پر کامیاب رہی۔ شہر کے مختلف بازاروں میں صورتحال ملی جلی رہی، جہاں کئی دکانیں مکمل طور پر بند رہیں جبکہ متعدد دکانداروں نے اپنی دکانیں کھلی رکھیں، جس کے باعث ہڑتال نہ مکمل طور پر کامیاب ہوسکی اور نہ ہی مکمل طور پر ناکام قرار دی جاسکتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق بعض مرکزی بازاروں میں تاجروں نے ہڑتال کی کال پر لبیک کہتے ہوئے کاروبار (بقیہ صفحہ 3 نمبر 31)

مانسہرہ، سردار محمد ریاض کا پبلک ڈے، عوامی مسائل سنے

عوام کے تمام جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا، رکن صوبائی اسمبلی

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر) رکن صوبائی اسمبلی سردار محمد ریاض کا پبلک ڈے، عوامی مسائل سنے حل کی یقین دہانی، عوام کا سردار محمد ریاض کو زبردست خراج تحسین، تفصیلات کے مطابق رکن صوبائی اسمبلی کوئی پالس کوہستان سردار محمد ریاض نے گزشتہ ہفتہ کے روز مانسہرہ شاہراہ ریشم کوہستان حجرہ میں پبلک ڈے کا انعقاد کیا، جس میں انکے حلقہ سمیت دیگر علاقوں کے مختلف طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ پبلک ڈے کے موقع پر ایم پی اے سردار محمد ریاض نے شہریوں سے فرداً فرداً ملاقاتیں کیں اور ان کے درپیش مسائل تفصیل سے سنے۔ عوام کی جانب سے بجلی، سڑکوں، تعلیم، صحت اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق مسائل پیش کیے گئے۔ اس موقع پر سردار محمد ریاض نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل ان کی اولین ترجیح ہے اور تمام جائز مسائل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 32)

گاؤں ڈے کلہاڑی میں ایک ہفتہ سے بجلی بند، لوگ پریشان

پھلڑہ (نمائندہ شمال) یونین کونسل پھلڑہ کے گاؤں ڈلے کلہاڑی میں ایک ہفتہ سے بجلی بند ممبران اسمبلی غائب واپڈا مانسہرہ لمبی تان کر سوگیا کے پی کے میں اچھل بادشاہ، یونین کونسل پھلڑہ کے گاؤں ڈلے اور کلہاڑی میں ایک ہفتہ سے بجلی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 47)

سرن ویلی کے علاقہ بھوگڑ منگ میں pti احتجاج کے باوجود بازار کھلا رہا

ARMY PUBLIC SCHOOL & COLLEGE
SHINKIARI

APS&C Shinkiari is looking for suitable candidates to fill the vacancies mentioned below at school / college level.

Post / Vacancy	Eligibility / Qualification
Senior Section Physics Teacher (Male / Female)	M.Phil, M.Sc, BS(Hons) Physics
Senior Section Computer Science Teacher (Male / Female)	MS(CS), BS(CS)
Pre-School Teacher (Female Only)	M.Phil, M.A, M.Sc , BS(Hons) Montessori trained / experienced teacher will be preferred
PTI (Female Only)	Intermediate / Bachelor Sports experienced candidate will be preferred
Administrative/ Security Supervisor (Male Only)	Intermediate / Bachelor Retired Armed Forces Personnel will be preferred
Science Laboratory Assistant (Male / Female)	Intermediate / Bachelor
Labourer (Male Only)	Middle

- Only shortlisted candidates will be called for test / interview. No TA/DA will be admissible. Management Committee has the right to cancel the process at any time.
- Desirous candidates may submit their CVs along with passport size picture and copy of CNIC by 20th Feb, 2026 at the given address.
- Contact: 0997-530796, 0997-530797
- Mailing Address: Junior Leaders Academy APS&C Shinkiari
- Email: apsacsshinkiari@gmail.com

شمال کرسٹلز فوڈ اینڈ بیوریجز پاکستان
SHAMAL CRYSTALS FOOD & BEVERAGES
6-A, Small Industry, Abbottabad.
حفظان صحت کے اصولوں اور انٹرنیشنل معیار کے عین مطابق
Shahzel Pure Drinking Water
Purification 7 STEP Guaranteed
موٹاپے سے نجات اور جسم کی خوبصورتی کیلئے
جلد کو خوبصورت و ملائم بنانے کیلئے
ہائی بلڈ پریشر میں کمی کیلئے
جسم سے زہریلے مادوں کے خاتمہ کیلئے
بڑھتی عمر کے اثرات سے نجات کیلئے
ہر قطرہ صحت مند زندگی سے بھرپور
For Contact Whatsapp:
0343-0955220 / 0300-9118999
شمال کرسٹلز فوڈ اینڈ بیوریجز
پلاٹ A-6 سمال انڈسٹریل اسٹیٹ منڈیاں ایبٹ آباد
0992-385577 / 0343-0955220